# JAC

[ No. of Questions - 50 ]

[ No. of Printed Pages - 16 ]

## CLASS-VIII EXAMINATION – 2026

## उर्दू / URDU

## ( MCQ Type )

## LANGUAGE – OTHERS

**कुल समय :** 3 घंटे 15 मिनट ( हिन्दी तथा अंग्रेजी सहित )
Total Time : 3 Hours 15 Minutes
(Including Hindi and English)

**पूर्णांक : 50**
Full Marks : 50

## PAPER-I

**सामान्य निर्देश / GENERAL INSTRUCTIONS :**

1. **पेपर-I** में **तीन** भाषाएँ हैं — (a) हिन्दी, (b) अंग्रेजी तथा (c) अन्य भाषाएँ। सभी अभ्यर्थियों के लिए **हिन्दी तथा अंग्रेजी अनिवार्य हैं**। अन्य भाषाओं के लिए अभ्यर्थी द्वारा चयनित भाषा तथा प्रवेश पत्र के अनुसार उत्तर देने होंगे । **कुल प्रश्नों की संख्या अन्य भाषाओं सहित 150 हैं जिनके उत्तर देने हैं।** प्रत्येक भाषा के लिये समय 1 घंटा है। **तीनों भाषाओं के लिए परीक्षा की कुल अवधि 3 घंटे हैं।**

   प्रश्नों को ध्यानपूर्वक पढ़ने के लिए परीक्षार्थियों को 15 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है ।

   **Paper-I** consists of *three* languages — (a) Hindi, (b) English and (c) Other languages. **Hindi and English are compulsory** for all the candidates. For other languages the candidates have to answer as per their option chosen and their admit cards. **Total number of questions to be answered is 150 including other languages.** Duration for each language is 1 hour. **Total duration of the examination is 3 hours for all the three languages.**

   An extra time of 15 minutes has been allotted for the candidates to read the questions carefully.

## उर्दू / URDU

**(سوال نمبر 101 - 150)**

ہدایت : سبھی سوالوں کے جواب لازمی ہیں۔

نوٹ : ہر سوال کا مجوزہ نمبر ایک ( 1 ) ہے۔ ہر سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔

101. نظم "شبنم" کے شاعر ہیں۔

(A) روش صدیقی
(B) علامہ اقبال
(C) شوکت تھانوی
(D) حفیظ جالندھری

102. مضمون "وطن کی طرف واپسی" کے مصنف ( لکھنے والے ) کون ہیں ؟

(A) سعادت حسن منٹو
(B) عبدالماجد دریابادی
(C) مہاتما گاندھی
(D) ملا واحدی

103. ملک ہندوستان کا پہلا ہاکی کلب کہاں قائم ہوا ؟

(A) رانچی میں
(B) پٹنہ میں
(C) دہلی میں
(D) کلکتہ میں





104. گل عباس کا رنگ کیسا ہے ؟

(A) پیلا
(B) لال
(C) کالا
(D) نیلا

105. درج ذیل سے فراق گورکھپوری کی نظم کو چنئے :

(A) دیوالی کے دیپ جلے
(B) لو پھر بسنت آئی
(C) شبنم
(D) ماں کا خواب

106. درج ذیل سے حواس خمسہ کی مثال کی نشاندہی کیجئے :

(A) چلنے کی قوت
(B) کھیلنے کی قوت
(C) سونگھنے کی قوت
(D) پکڑنے کی قوت

107. درج ذیل لفظ کو چنئے اور شعر کو مکمل کیجئے :

ـــــ یہ ہے میرا ہندوستان
میرے سپنوں کا.......

(A) انسان
(B) جہان
(C) دیوان
(D) حیوان

108. آگ کا دریا ایک مشہور ............ ہے۔

(A) کہانی　(B) ڈراما

(C) نظم　(D) ناول

109. نظم "ماں کے خواب" کے حوالے سے بتائیے، لڑکوں کے ہاتھوں میں کیا جل رہے تھے ؟

(A) اگربتی　(B) دیے

(C) موم بتی　(D) لالٹین

110. غالب اور ٹیگور کون تھے ؟

(A) مشہور اداکار　(B) مشہور شاعر

(C) مشہور تاجر　(D) مشہور رہنما

111. بوعلی سینا کون تھے ؟

(A) ایک مسافر　(B) مشہور حکیم و سائنس داں

(C) کتابوں کے تاجر (کتب فروش)　(D) مشہور قانون داں





112. "آم کے آم گٹھلیوں کے دام" ہے۔

(A) ایک محاورہ　(B) ایک ضرب المثل

(C) ایک کہاوت　(D) ان میں سے سبھی

113. درج ذیل میں سے صحیح املا کی نشاندہی کیجیے :

(A) مزاک　(B) بکایا

(C) گلتی　(D) ظلم

114. آپ کی درسی کتاب میں شامل کون سا سبق ایک ڈراما ہے ؟

(A) بچے　(B) مہمان

(C) لالچ　(D) جی آیا صاحب

115. قرۃ العین حیدر کا ایک مشہور ناول ہے۔

(A) چراغ اپنا اپنا　(B) آگ کا دریا

(C) نشیب و فراز　(D) فائرایریا

116. ”ہنستا گاتا جیون اس کا، دھوم مچاتے موسم

گنگا جمنا کی لہروں میں سات سُروں کا سرگم

تاج ایلورہ جیسے سندر تصویروں کے البم“

درج بالا بند میں شاعر نے کس ملک کی خوبصورتی کا ذکر کیا ہے ؟

(A) افغانستان (B) قزاقستان

(C) ہندوستان (D) ایران

117. رفیع احمد قدوائی کون تھے ؟

(A) ایک مشہور تاجر (B) ایک مشہور رہنما

(C) ایک مشہور اداکار (D) ایک مشہور کھلاڑی

118. وہ لفظ جس کی مدد سے جملے بنتے ہیں، کیا کہلاتا ہے ؟

(A) حرف جار (B) حرف غلط

(C) حرف عطف (D) فعل






119. مہاتما گاندھی کی پیدائش کب ہوئی تھی ؟

(A) 2/اکتوبر 1879ء (B) 2/اکتوبر 1869ء

(C) 2/اکتوبر 1859ء (D) 2/اکتوبر 1849ء

120. حضرت محل پارک کہاں ہے ؟

(A) لکھنؤ میں گومتی کے کنارے (B) آگرہ میں جمنا کے کنارے

(C) پٹنہ میں گنگا کے کنارے (D) رانچی میں

121. قاسم، انسپکٹر صاحب کے ہر حکم پر کیا کہتا تھا ؟

(A) جی کر دیا صاحب (B) جی سُنا صاحب

(C) جی آیا صاحب (D) جی لایا صاحب

122. ایسے فعل، جن کے لئے مفعول کی ضرورت نہیں ہوتی ہے کیا کہلاتے ہیں ؟

(A) فعل لازم (B) فعل معروف

(C) فعل مجہول . (D) فعل متعدی

123. "ابن انشا جرمنی میں" درج ذیل سے چُنئے کیا ہے ؟

(A) ایک افسانہ　(B) ایک سفرنامہ

(C) ایک ڈراما　(D) ایک ناول

124. کیا تارے ہیں زمین پر جو اتر آئے ہیں

یا وہ موتی ہیں کہ جو چاند نے برسائے ہیں

درج بالا شعر میں شاعر نے تارے اور موتی کس کے لئے کہا ہے ؟

(A) آنسو　(B) قطرے

(C) شبنم　(D) اولے

125. درج ذیل سے "جنس حقیقی" کو چُنئے :

(A) شبنم　(B) دن

(C) رات　(D) ابّا





126. کے-ایل- سہگل کی پہلی فلم کا نام تھا-

(A) محبت کے آنسو　(B) نکاح

(C) ندیا کے پار　(D) دیوار

127. چچا کبابی جامع مسجد کے کس دروازے کی جانب اپنی دکان لگایا کرتے تھے ؟

(A) مغربی دروازے کی طرف　(B) شمالی دروازے کی طرف

(C) جنوبی دروازے کی طرف　(D) مشرقی دروازے کی طرف

128. دیوالی کے موضوع پر آپ نے اپنی درسی کتاب میں کس شاعر کی نظم پڑھی ہے ؟

(A) نظیر اکبرآبادی　(B) علامہ اقبال

(C) فراق گورکھپوری　(D) اکبرالٰہ آبادی

129. گل عبّاس کو لڑکی کے پاس پہنچ کر کیا محسوس ہوا ؟

(A) بےچینی　(B) بےقراری

(C) حیرانی　(D) جان میں جان آئی

130. "ہاکی کا جادوگر" کن کو کہا جاتا ہے ؟

(A) میجر گیان چند کو
(B) میجر دھیان چند کو
(C) میجر رام چند کو
(D) میجر کرم چند کو

131. مضمون "بچّے" کے حوالے سے بتائیے بچوں کے پانچوں حواس کب کام کرنے لگ جاتے ہیں ؟

(A) سوئے ہوئے میں
(B) کھیلتے ہوئے
(C) بیدار ہونے پر
(D) دوڑتے ہوئے

132. ایسے الفاظ جن کے معنی اور اِملا مختلف لیکن آواز ایک ہو، کیا کہلاتے ہیں ؟

(A) ہم آواز الفاظ
(B) ہم معنی الفاظ
(C) ہم شکل الفاظ
(D) ان میں سے سبھی

133. بسنت کا موسم کب آتا ہے ؟

(A) وسط جنوری میں
(B) وسط فروری میں
(C) وسط مارچ میں
(D) وسط جون میں





134. "نغمہ ریز" کے معنی بتائیے۔

(A) تیز چلنے والا
(B) سُریلی آواز میں گانے والا
(C) چرانے والا
(D) گیت لکھنے والا

135. میاں خوجی کس کے ساتھ لکھنؤ آئے ؟

(A) اپنے بھائی کے ساتھ
(B) اپنے والد کے ساتھ
(C) اپنے چچا کے ساتھ
(D) اپنے دوست کے ساتھ

136. محاورہ "پھولے نہ سمانا" کے معنی ہے ؟

(A) پھول بھر جانا
(B) پھول کھل جانا
(C) بہت خوش ہونا
(D) ان میں سے سبھی

137. آپ کی درسی کتاب کا مضمون "نہ ہوئی قرولی" کس مشہور ناول سے لیا گیا ہے ؟

(A) فسانۂ آزاد
(B) میرے بھی صنم خانے
(C) آگ کا دریا
(D) ان میں سے کوئی نہیں

138. نظم "ماں کا خواب" کے شاعر کا نام ہے۔

(A) زبیر رضوی
(B) فیض احمد فیض
(C) علامہ اقبال
(D) شوکت تھانوی

139. ایک "مزے دار کہانی" میں کن کے درمیان جھگڑا ہوا ؟

(A) رات اور دن کے درمیان
(B) جاڑا، گرمی اور برسات میں
(C) گلاب، کنول اور موگرا میں
(D) بڑھیا اور بادلوں کے درمیان

140. جو الفاظ کسی کام کرنے والے کو ظاہر کرتے ہیں، کیا کہلاتے ہیں ؟

(A) اسم ذات
(B) اسم صفت
(C) اسم فاعل
(D) اسم مفعول

141. میاں خوجی اور آزاد کہاں کے سفر پر نکلے تھے ؟

(A) جرمنی کے
(B) ٹرکی کے
(C) ایران کے
(D) عرب کے





142. گاندھی جی نے اردو سیکھنے کے لئے کس سے مدد لی ؟

(A) ایک معلم سے
(B) اردو کے ایک منشی سے
(C) اپنے انگریز دوست سے
(D) اردو کے ایک طالب علم سے

143. درج ذیل میں سے مذکر لفظ کی نشاندہی کیجیے :

(A) روٹی
(B) رانی
(C) موتی
(D) لڑکی

144. آزاد ہندوستان کے پہلے وزیر مواصلات کون تھے ؟

(A) ڈاکٹر ذاکر حسین
(B) رفیع احمد قدوائی
(C) اخلاق الرحمٰن قدوائی
(D) سید سبط رضی

145. گوتم بدھ کو کس بات کا احسان ہوا تھا ؟

(A) بڑائی کا
(B) پڑھائی کا
(C) سچائی کا
(D) رہنمائی کا

146. کہانی "لالچ" کے حوالے سے بتائیے مسافر کون تھا ؟

(A) بوعلی سینا
(B) ابن بطوطہ
(C) حکیم لقمان
(D) مشکوب

147. "لب آب گنگ" کا مطلب ہوتا ہے۔

(A) گنگا کا پانی
(B) دریائے گنگا کے کنارے
(C) میٹھا پانی
(D) ان میں سے سبھی

148. بیگم حضرت محل کس کی ملکہ تھیں ؟

(A) نواب عابد علی شاہ کی
(B) نواب واجد علی شاہ کی
(C) نواب میر عثمان علی کی
(D) نواب امجد علی شاہ کی

149. ابن انشا کہاں کے سفر پر گئے تھے ؟

(A) جاپان
(B) کوریا
(C) جرمنی
(D) عراق

150. "ستاروں کے جھرمٹ" کو کیا کہا جاتا ہے ؟

0786

(A) سیارے
(B) خورشید
(C) کہکشاں
(D) مہتاب